www.aiche.org/ccps

http://www.aiche.org/CCPS/Publications/Beacon/index.aspx

Messages for Manufacturing Personnel

This issue sponsored by

www.iomosaic.com

مئی2019

وارننگ سائن میں گھرے ہونا۔



دائیں طرف نظر آنے والی دونوں تصاویر ایک ائرپورٹ پر لی گئی ہیں۔ تصویر میں دکھائی گئی مشین ایک لفٹ ہے جو ورکرز کو کام کی مطلوبہ جگہ تک اٹھاتی ہے۔اس مشینی پلیٹ فارم پر 24 مختلف وارننگ سائن ہیں۔آپ کے خیال میں آپریٹر کتنے سائن غور سے پڑھتا ہوگا؟ یقینی طور پر ان تمام سائن/ لیبل کی اپنی اہمیت ہے اور یہ بہتری کے مقصد سے لگائے گئے ہیں تاہم ایسا سوچنا ضروری ہے کہ اتنے زیادہ وارننگ سائن کہیں توجہ ہٹانے کا باعث تو نہیں بن رہے؟ یا ایسا تو نہیں کہ سائن اتنے زیادہ ہیں کہ کوئی ان کی طرف توجہ ہی نہیں دیتا؟

کیا بہت زیادہ کمیونیکیشن سے ہم اورلوڈ تو نہیں ہو جاتے؟ شائد ہاں۔

ایسا عین ممکن ہے کہ پراسیس انڈسٹری میں کبھی آپ کسی وارننگ سائن کے پاس سے گزریں اور ان کو نہ پڑھیں۔یا پروسیجرز (کام کرنے کے تحریری طریقہ کار) میں موجود کاشن (انتہائی ضروری نوٹ) پر توجہ نہ دیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

- پراسیس ایریا میں داخل ہونے سے پہلے یا کوئی مشین استعمال کرنے سے پہلے ہمیشہ وارننگ سائن کو غور سے پڑھیں تا کہ آپ کو یاد رہے کہ کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا۔
- آپریٹنگ / مینٹی نینس پروسیجرز یا ورک پرمٹ میں لکھی گئی سیفٹی اور ذاتی حفاظتی سامان(PPE) کی ضرورت کو اچھی طرح پڑھ کر سمجھ لیں۔ان ہدایات پر مکمل طور پر عمل کریں اور اگر سمجھنے میں دشواری ہو تو اپنے سپروائزر سے مدد طلب کریں۔
- اگر آپ کے خیال میں کسی تحریری طریقہ کار(پروسیجر) میں یا حفاظتی بورڈ پر بہت زیادہ وارننگ سائن ہیں جو پڑھنے والے کی توجہ انتہائی ضروری معلومات سے ہٹا دیں تو ایسا اپنے سپروائزر کے علم میں لائیں۔
- کیا وارننگ سائن درست جگہ پر اور مطلوبہ تعداد میں لگائے گئے ہیں؟ کیا یہ یاد دہانی کے لیے مؤثر ہیں؟ کیا وارننگ سائن پر درست معلومات درج ہیں؟
- پروسیجرز یا وارننگ سائن میں بہتری کے لیے تجاویز دیں مثلاً اُوپر دکھائی گئی تصویر میں موجود پلیٹ فارم پر 24 وارننگ سائن ہیں۔کیا ان 24 میں سے کچھ کو ملا کر یا گروپ بنا کر کم کیا جا سکتا ہے؟ کیا یہ تمام ضروری بھی ہیں؟
- مزید مثالوں کے لیے مئی 2013 کا خراب سائن سے متعلقہ بیکن پڑھیں-

آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- وارننگ سائن لوگوں کو مخصوص مشین یا پراسیس کے خطرات کے بارے میں یا طلاع/یاد ہانی کے لیے لگائے جاتے ہیں۔
- وارننگ سائن ایسے کاموں کے بارے میں بھی ہو سکتے ہیں جنہیں پراسیس ایریا میں کرنا یا کسی مخصوص مشین سے کرنا خطرناک ہو سکتا ہے۔
- پراسیس ایریا میں موجود وارننگ سائن ذاتی حفاظتی سامان(PPE) یا دیگر سیفٹی کی معلومات کے بارے میں بھی ہو سکتے ہیں۔وارننگ سائن یا ذاتی حفاظتی سامان(PPE) کے لازمی استعمال کی ضرورت کو آپریٹنگ یا مینٹی نینس پروسیجرز میں یا ورک پرمٹ میں تحریر کیا جا سکتا ہے۔
- اگر بہت زیادہ وارننگ سائن یا تحریری وارننگ (حفاظتی انتباہ) ہوں تو کچھ لوگ شائد انہیں نظرانداز کر دیں اور ایسا کرنے کی صورت میں کوئی خطرناک حادثہ بھی ہو سکتا ہے-

وارننگ سائن ضروری ہیں تاہم ان کو مختصر مگر جامع ہونا چاہیے۔

مترجم : ذیشان-آسٹریلیا

©AIChE 2019. All rights reserved. Reproduction for non-commercial, educational purposes is encouraged. However, reproduction for any commercial purpose without express written consent of AIChE is strictly prohibited. Contact us at ccps_beacon@aiche.org or 646-495-1371.

The Beacon is usually available in Afrikaans, Arabic, Catalan, Chinese, Czech, Danish, Dutch, English, Filipino, French, German, Greek, Gujarati, Hebrew, Hindi, Hungarian, Indonesian, Italian, Japanese, Korean, Malay, Marathi, Mongolian, Persian (Farsi), Polish, Portuguese, Romanian, Russian, Spanish, Swedish, Telugu, Thai, Turkish, Urdu, and Vietnamese.